ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((425

05.08.24

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، CIA سٹاف کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، منشیات سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزم پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی ایس پی آرگنائز کرائم نے محمد احمد SI اور ریاض اشرف SI پر مشتمل سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لاتے ہوئے منشیات سپلائی کرنے والے ڈیلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ڈیڑھ من افیون اور 33 کلو 600 گرام چرس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم کے خلاف تھانہ ڈیرہ نواب صاحب میں مقدمہ درج کر لیا گیا اور ملزم کے زیر استعمال مہران گاڑی بھی قبضہ میں لے لی گئی۔ ملزم نے منشیات احمد پور شرقیہ، ہیڈ راجکاں و گردنواح میں سپلائی کرنی تھی ۔منشیات فروشوں کے اس نیٹ ورک کو ٹریس کر کے گرفتاریوں کے لئے آپریشن جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی پی او بہاولپور نے شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرنے پر CIA اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، CIA سٹاف کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی، منشیات فروش ڈیلر گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد